Bank Alfalah

شرائط و ضوابط ایلفا ٹرم ڈپازٹس

میں (''صارف'') متفق ہوں اور قبول کرتا ہوں /کرتی ہوں کہ میں ''ایلفا ٹرم ڈپازٹ'' کی درج ذیل شرائط و ضوابط کا پابند رہوں گا/ رہوں گی جو کہ ان شرائط و ضوابط کے علاوہ ہیں جو بینک الفلاح لمیٹڈ (''بینک'') کی طرف سے فراہم کردہ اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) پر لاگو ہوتی ہیں اور میں پہلے ہی جن کو قبول اور تسلیم کر چکا ہوں / کر چکی ہوں۔

1۔ بینک کی کئی اسکیمز کی تحت ایلفا ٹرم ڈپازٹس، بینک کے ایلفا ایپ کے صارفین جو کور بینکنگ اکاؤنٹ کے ذریعے رجسٹر ہیں، کی طرف سے قبول کی جاتی ہیں۔

2۔ ایلفا ٹرم ڈپازٹس 7 دن، ایک ماہ، تین ماہ، چھ ماہ اور ایک سال کے لیے قبول کیے جاتے ہیں۔ یہ مدت بینک کی صوابدید کے مطابق تبدیلی سے مشروط ہیں۔

3۔ ایلفا ٹرم ڈپازٹس کو کم سے کم 500روپے سے بُک کیا جا سکتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ کی مجموعی رقم کی کوئی حد نہیں تاہم، فی بکنگ پر 500 ملین روپے کی حد لاگو ہے۔

4۔ شرحیں، سالانہ فیصد شرح کی بنیاد پر پیش کی جائیں گی۔

5۔ رول اوور پر پیش کردہ شرحین بینک کی اس وقت مروجہ ڈپازٹ ریٹ شیٹ کے مطابق ہوں گی۔

6۔ پرنسپل رقم کو میچوریٹی / انکیشمنٹ پر اسی اکاؤنٹ میں کریڈٹ کر دیا جائے گا جس اکاؤنٹ سے رقم ڈپازٹ کی گئی تھی۔

7۔ ایلفا ایپ کے ذریعے مدت ختم ہونے سے پہلے رقم نکالنے پر ہرجانہ وصول کیا جائے گا جو بینک کے مروجہ شیڈول آف چارجز کے مطابق ہو گا۔

8۔ اگر ٹرم ڈپازٹس برانچ کے اوقاتِ کار کے بعد بُک کیے گئے ہیں تو کاروباری دن کے اختتام کی وجہ سے منافع کا حساب اگلے کاروباری دن سے لگایا جائے گا۔

9۔ اگر ٹرم ڈپازٹس چھٹی کے دن یا عام تعطیل کے دن بُک کیے گئے ہیں تو کاروباری دن کے اختتام کی وجہ سے منافع کا حساب اگلے کاروباری دن سے لگایا جائے گا۔

10۔ زکوۃ، اگر قابلِ اطلاق ہو تو لاگو قوانین کے مطابق اس کی کٹوتی کی جائے گی۔

11۔ ایلفا ٹرم ڈپازٹس حکومت کی طرف سے قابلِ اطلاق کسی بھی قسم کے ٹیکس سے مشروط ہوں گے، جن میں منافع پر ودلڈنگ ٹیکس شامل ہے جو فیڈرل بورڈ آف ریوینیو کے بتائے ہوئے معیار کے مطابق ہے۔

12۔ صارف (صارفین) اقرار کرتا ہے/ کرتے ہیں کہ وہ منی لانڈرنگ ایکٹ / پالیسی اور FATCA / CRS قوانین کا پابند رہے گا/کے رہیں گے۔

13۔ ٹرم ڈپازٹس، پاکستان کے تمام قابلِ اطلاق قوانین، بشمول اصولوں، ضابطوں اور سرکیولرز جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کیے گئے، سے مشروط اور منظم ہیں۔

14۔ صارف (صارفین) شرائط و ضوابط کو قبول کر کے یہ تسلیم کرتا ہے / کرتے ہیں کہ وہ انہیں پڑھ اور سمجھ چکا ہے/چکے ہیں اور ان شرائط و ضوابط اور بینک کی طرف سے کی گئی کوئی بھی تبدیلی، ترامیم کا/کے پابند رہنے سے متفق ہوں / ہیں۔